Daily

BBC

HEAD LINES

LAHORE
PAKISTAN

گورنمنٹ کی تعلیمی پالیسیوں پر میڈیا کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، شیخ خالد

ضلع وہاڑی کے دیہی علاقوں میں 30 فیصد سے زیادہ سکول جانے کی عمر کے بچے سکول نہیں جا رہے

وہاڑی (بیورو رپورٹ) ضلع وہاڑی کے دیہی علاقوں میں 30 فیصد سے زیادہ سکول جانے کی عمر کے بچے سکول نہیں جا رہے جن میں بڑی اکثریت لڑکیوں کی ہے یہ حقائق ادارہ برائے پائیدار ترقی اسلام آباد کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار برائے تعلیمی آگاہی میں پیش کئے گئے۔ سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ادارہ برائے پائیدار ترقی کے تعلیمی ماہر ڈاکٹر شہریار خان نے کہا کہ غربت اور والدین میں تعلیمی شعور کا نہ ہونا ضلع کی بڑی تعلیم کی کم شرح کے ذمہ دار ہیں۔ اس سیمینار میں خطاب کرتے ہوئے وہاڑی پریس کلب کے صدر شیخ خالد مسعود نے کہا گورنمنٹ کی تعلیمی پالیسیوں کا احتساب اور تعمیری تنقید کے لیے میڈیا کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ سیمینار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن پلاننگ آفیسر مختیار حسین چاہان نے کہا کہ اساتذہ کو جدید سائل کا بہتر استعمال کرتے ہوئے بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کو یقینی بنانا چاہیے۔ انہوں نے والدین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تعلیم آپ کے بچوں کا بنیادی حق ہے اور ان کو کسی بھی صورت اس حق پر سمجھوتہ نہیں کرنا چاہیے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے تحریک انصاف کے تحصیل صدر مہر شبیر سیال نے کہا کہ پاکستان میں گزشتہ 60 سال سے تعلیم کی اہمیت کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اب وقت آ گیا ہے کہ اس کوتاہی کا ازالہ کیا جائے۔

ادارہ برائے پائیدار ترقی اسلام آباد کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار برائے تعلیمی آگاہی میں تعلیمی ماہر ڈاکٹر شہریار خان، وہاڑی پریس کلب کے صدر شیخ خالد مسعود ساجد، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن پلاننگ آفیسر مختیار حسین، تحریک انصاف کے تحصیل صدر مہر شبیر سیال، اے ای او شازیہ انور وڑائچ خطاب کر رہے ہیں